# خاک کربلا پر سجدہ

## تمہید

اسلامی شریعت نے نماز کو دین کے ارکان میں سے ایک رکن قرار دیا ہے اور نماز کی مطلوبہ صورت کو معین فرمایا ہے جو کئی ارکان، اجزاء اور شرائط پر مشتمل ہے۔ صاحبِ شریعت اللہ سبحانہ و تعالی کے ہاں نماز کے صحیح اور مقبول ہونے کے لیے ان اجزاء و شرائط اور ارکان کی رعایت ضروری ہے۔

واجب اور مسنون نمازوں کے ارکان میں سے ایک رکن سجدہ ہے جس میں شک کی گنجائش نہیں بلکہ سجدہ نماز کا بہترین جزو ہے۔ سجدہ خالق کے حضور مخلوق کی بندگی، اطاعت اور اظہار تذلل کا واضح ترین مظہر ہے۔ سجدے کے ذریعے مومن اللہ تعالی کے آگے اپنی سراپا عبودیت کا اقرار کرتا ہے جو بندگی، تذلل اور خضوع کا منتہائے مقصود ہے۔ اسی لئے اللہ تعالی نے اپنے بندوں کو غیر اللہ کا سجدہ کرنے کی اجازت نہیں دی ہے۔

www.ketab.ir

تمام مسلمانوں کے درمیان اس بات میں کوئی نزاع نہیں کہ جس کے لئے سجدہ کیا جاتا ہے وہ اللہ سبحانہ وتعالی کے علاوہ کوئی نہیں۔ یہ دین کے ان مسلّمہ امور میں سے ایک ہے جن کا منکر کافر اور دائرہ ایمان سے خارج ہے۔

کن چیزوں پر سجدہ کرنا جائز ہے؟

مختلف مذاہب کے تمام مسلمانوں کا اتفاق ہے کہ زمین اور اس کی مٹی پر سجدہ کرنا صحیح ہے بلکہ مٹی پر سجدہ کرنا افضل ہے جیسا کہ احادیث نبوی میں مذکور ہے۔

عنقریب ہم ان تمام دستیاب احادیث شریفہ کو اپنی بحث کا محور قرار دینے کی کوشش کریں گے جو اس مسئلے سے مربوط ہیں کہ کن چیزوں پر سجدہ جائز ہے اور کن چیزوں پر نہیں تاکہ ہم جان لیں کہ:

۱۔ زمین اور اس کی مٹی پر سجدہ کرنے کے بارے میں شریعت کا موقف کیا ہے؟

۲۔ زمین سے اُگنے والی اُن چیزوں پر سجدے کا کیا حکم ہے جو کھائی اور پہنی جاتی ہوں یا کھانے پینے کے کام نہ آتی ہوں؟

۳۔ سنت کیا ہے اور بدعت کیا ہے؟

۴۔ خاک پر سجدے کا کیا حکم ہے؟

۵۔ تربت حسینیہ (خاک کربلا) کی فضیلت اور امتیازی خصوصیت کیا ہیں؟

www.ketab.ir

۶۔ بعض مسلمانوں کا تربت حسینیہ (خاک کربلا) کو اہمیت دینے اور اس کی سجدہ گاہیں بنانے کا راز کیا ہے؟

ہم ان مباحث کو درج ذیل موضوعات کی صورت میں پیش کریں گے:

پہلا باب: ان چیزوں کے بارے میں مذکور نصوص جن پر سجدہ درست ہے

دوسرا باب: خاک پر سجدے کی افضیلت

تیسرا باب: تربت حسینیہ کی فضیلت

چوتھا باب: تربت حسینیہ پر سجدے کو اہمیت دینے کی وجہ۔

## پہلا باب: مسجود علیہ کے بارے میں مذکور نصوص

اس باب میں ہم صحاح ستہ اور دیگر اہم مسانید و سنن کے اندر مذکور ان احادیث نبوی اور سیرت مصطفوی کا تذکرہ کریں گے جن سے معلوم ہوتا ہے کہ کن چیزوں پر سجدہ کرنا صحیح ہے۔ پھر ہم انہی کو مشعل راہ بنا کر عملی سنت کے طور پر اپنائیں گے۔ یہی وہ برحق راستہ ہے جس سے انحراف کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ اس بارے میں سنتِ رسول کی تین اقسام ہیں:

### پہلی قسم:

وہ روایات جو زمین پر سجدے کے درست ہونے پر دلالت کرتی ہیں:

www.ketab.ir